© rasailojaraid.com

انسٹی ٹیوٹ کے ایک جلسہ میں خطبۂ صدارت پڑھا تھا وہ بھی اس میں شامل کر دیا گیا ہے۔ یہ اس نمبر کا حصہ اوّل تھا حصہ دوم ان ادبی فتوحات کے لئے مخصوص ہے جو خواجہ صاحب بیرونی ممالک کے سفر میں حاصل کرتے رہتے ہیں۔ ان میں سے بعض چیزیں نادر بھی ہیں اور بعض بہت دلچسپ۔ غرض کہ سابقہ نمبروں کیطرح یہ نمبر بھی بہت قابل قدر اور اہم ہے۔ اردو زبان کے کسی گوشہ پر بھی تحقیق کے لئے اس کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

سہ ماہی "صبح" کا جواہر لال نہرو نمبر مرتبہ عبداللطیف صاحب اعظمی تقطیع متوسط ضخامت ۱۸۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عـ/ہم پتہ: جنرل سکریٹری انجمن ترقی اردو علمی منزل کوچہ پنڈت دہلی ۶

صبح انجمن ترقی اردو دہلی کا سہ ماہی میگزین ہے جو اپنے سنجیدہ اور مفید ادبی مضامین کے باعث اپنی ایک مستقل حیثیت رکھتا ہے۔ چونکہ پنڈت جی اردو زبان کے بڑے حامی اور اس زبان کا جو ہر ہے اس کے حامل تھے اس لئے یہ خاص نمبر ان کی یادگار میں نکالا گیا ہے۔ اور اس کی ترتیب اس خوش سلیقگی اور عمدگی کے ساتھ کی گئی ہے کہ اس کے مضامین پڑھنے کے بعد پنڈت جی کی شخصیت ان کی گھریلو اور پبلک لائف، انکے علمی اور ادبی کمالات، ان کا سیاسی فکر و تدبر اور عملی و اخلاقی کمالات ان سب چیزوں کی تصویریں اس طرح اجاگر ہو جاتی ہیں کہ خود پنڈت جی نظر کے سامنے چلتے پھرتے دکھائی دینے لگتے ہیں۔ لکھنے والوں میں اکثر و بیشتر وہ حضرات ہیں جنہوں نے علم و فن کی دنیا میں نامور ہونیکے ساتھ ساتھ پنڈت جی کا بہت قریب سے مطالعہ کیا تھا اور ان کی شخصیت سے غیر معمولی طور پر متاثر ہوئے تھے اس بنا پر ان تحریروں میں اعتماد بھی ہے اور خلوص بھی۔ معلومات بھی ہیں اور پنڈت جی کے لئے محبت اور عقیدت بھی، مقالہ نگاروں میں ملکی اور غیر ملکی دونوں قسم کے حضرات شامل ہیں۔ لیکن لب و لہجہ سب کا ایک ہی ہے حصہ نظم کا حال بھی یہی ہے اور وہ معیاری ہے۔ آخر میں پنڈت جی کے بعض خطوط زبان اور رسم خط کے بارے میں انکے خیالات اور پھر پنڈت جی کے حالات زندگی کی جھلکیاں اور ان کی تصانیف اور نہرو نمبروں کے اشاریے، یہ سب وہ چیزیں ہیں جن کی افادیت مستقل ہے اور جن سے پنڈت جی کی زندگی اور ان کے کارناموں کا کوئی طالب علم مستغنی نہیں ہو سکتا۔

ماہنامہ مریخ پٹنہ کا پرویز شاہدی نمبر مرتبۂ جناب عبدالمغنی صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۲۰۰

© rasailojaraid.com